دی پنجاب سکول

ماڈل پیپر برائے داخلہ جماعت ہشتم

پرچہ اردو

وقت: 2 گھنٹے **کل نمبر ۷۵**

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔

سوال نمبر۱۔ ایک جامع اور مربوط مضمون لکھیے جو کم از کم ۵۰ سطور پر مشتمل ہو (نادیدہ) (۱۵)

مثلاً: خدمتِ خلق

سوال نمبر۲۔ درج ذیل عبارت میں خط کشیدہ الفاظ کے مترادف تحریر کیجیے۔ (۱۰)

قوموں کی ترقی و۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں علم و۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا کردار بہت اہم ہے۔ اسی کی بدولت جہالت اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ختم کر کے قوم کو غفلت اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے نجات دلائی جا سکتی ہے۔ علم انسان میں عفو و۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عاجزی و۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حِلم و۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور سُوجھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پیدا کرتا ہے۔ علم انسان کو نظم و۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سکھاتا ہے اور معاشرے کی اصلاح میں معاون۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ثابت ہوتا ہے۔

سوال نمبر۳۔ ایک ایسی مربوط عبارت لکھیے جس میں کے اور کہ کا استعمال کم از کم پانچ بار ہو۔ (۵)

سوال نمبر۴۔ درج ذیل عبارت میں سے خط کشیدہ الفاظ کے معانی لکھیے اور اس کی سلیس اُردو لکھیے۔ (۱۰)

کہا جاتا ہے کہ انسان ایک معاشرتی حیوان ہے۔ وہ معاشرے میں رہنے پر مجبور ہے۔ اُسے قدم قدم پر دُوسروں کے سہارے کی ضرورت پڑتی ہے۔ انسان وہی ہے، جو دوسروں کا خیر خواہ اور ہمدرد ہو۔ اگر انسان دوسروں کے دُکھ درد کو اپنا دُکھ درد نہیں سمجھتا، تو وہ انسان کہلانے کا حق دار نہیں۔

سوال نمبر۵۔ درج ذیل محاورات کے معانی لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجیے۔ (۵)

پالا پڑنا، آب آب ہونا، کشتوں کے پشتے لگانا، باغ باغ ہونا، پھولے نہ سمانا

سوال نمبر۶۔ فرض کیجیے کہ آپ کا دوست / سہیلی اکثر جھوٹ بولتا ہے۔ ایک مکالمے کے ذریعے یہ واضح کیجیے کہ جھوٹ برائی کی جڑ ہے۔ (نادیدہ) (۱۰)

سوال نمبر۷۔ درج ذیل جملوں کے سامنے فعل معروف / فعل مجہول لکھیے۔ (۵)

نمبر شمار	جملے	فعل معروف	فعل مجہول
۱	شور مچایا جا رہا ہے		
۲	علی نے پھول توڑا		
۳	شازیہ نظم پڑھ رہی ہے		
۴	بچہ رو رہا ہے		
۵	خط لکھ دیا گیا ہے		

سوال نمبر۸۔ درج ذیل الفاظ پر اِعراب لگا کر تلفظ واضح کیجیے۔ (۵)

استقبال، محبت، تغیّر، صبر، مصور

سوال نمبر۹۔ درج ذیل نظم / عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ (نادیدہ) (۱۰)

بہت مخلص اور پاک بندے خدا کے — نہ شہرت کے طالب ، نہ خواہاں ثنا کے
نشاں جن سے قائم ہیں صدق و صفا کے — نمائش سے بیزار ، دشمن ریا کے

ریاضت سب اُن کی خدا کے لیے ہے
مشقت سب اُس کی رضا کے لیے ہے

س۱۔ اِن اشعار کا مرکزی خیال کیا ہے؟ س۲۔ مخلص لوگ ہر کام کیا سوچ کر کرتے ہیں؟

س۳۔ خدا کے مخلص بندے کن باتوں سے نفرت کرتے ہیں؟ س۴۔ اِن اشعار کا خلاصہ لکھیے۔ س۵۔ ان اشعار کے لیے عنوان تحریر کیجیے۔